سوال

(35) رمل اور اضطباع کسے کہتے ہیں اور یہ کب اور کس طرح کیا جاتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رمل اور اضطباع کسے کہتے ہیں اور یہ کب اور کس طرح کیا جاتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رمل کندھے ہلا کر پہلوان کی طرح تیز چلنے کا نام ہے، یہ طواف کرتے وقت پہلے تین چکروں میں کیا جاتا ہے اور باقی چار چکر میں رمل نہیں ہے، بدستور اپنی آہستہ رفتار سے چلیں، حدیث میں ایسا ہی آیا ہے، احرام کی اوپر کی چادر کو دائیں بغل کے نیچے سے کر کے اس کی دونوں کی طرف بائیں کندھے پر ڈال لیں۔ یہ طواف کے وقت ایسا کرنا مسنون ہے۔ اس کو اضطباع کہتے ہیں، لیکن عورت کے لیے نہ رمل ہے، اور نہ اضطباع۔ (عبداللہ امرتسری روپڑی ٦ ذی قعدہ ١٣٨٠ ہجری، فتاویٰ اہلحدیث جلد ٣ ص ٥٩٢)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 08 ص 56

محدث فتویٰ